# Cantonment Board Taxila

**Allama Iqbal Road, HIT Taxila Cantt**
**Ph # 051-9315462, Fax # 051-9315461**
canttboardtaxila@gmail.com

No. BL/17/UBT/1007 Dated: 20 May, 2022

To,

The Director Publication,
Press Information Department (P.I.D),
ISLAMABAD.

**Subject:** **PUBLICATION OF "PUBLIC NOTICE" IN NEWS PAPER.**

Please arrange to publish the attached advertisement in two dailies i.e. "Daily "Nawa-e-Waqat", & "The Nation" Rawalpindi / Islamabad as required vide S. No. (i) of the PID Islamabad letter No. F-15(32)/90-Advt dated 20-05-2004 on **22-05-2022** under classified advertisement column on inner page in one insertion (minimum size) and send the bill with advertisement clipping newspaper to this office for payment.

Encl: Public Notice.

**(Syedah Imammah Ali)**
Cantonment Executive Officer
Taxila Cantonment

Copy to:

1. The Deputy Director, (I & IMP),
   Public Procurement Regulatory Authority,
   Cabinet Division, Govt of Pakistan,
   Federal Bank for Cooperative Building,
   1st Floor, Sector G-5/2, Islamabad.
2. Acctt.
3. Ideas Workshop, Islamabad.
4. Master File.

# شاندار نیلام عام منڈی مویشیاں ٹیکسلا کینٹ

کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا کینٹ اپنی حدود میں واقع منڈی مویشیاں برلب جی ٹی روڈ کا نیلام عام عرصہ تین سال مورخہ 19-08-2022 تا 18-08-2025 تک کے لئے مورخہ 20-06-2022۔ دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا چھاؤنی میں کر رہا ہے اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر منعقد نہ ہو سکی یا بولی مسترد کر دی گی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 22-06-2022۔ کو منعقد ہو گی اگر کسی وجہ سے دوبارہ نیلامی نہ ہو سکی تو سہ بارہ نیلامی مورخہ 23-06-2022۔ منعقد ہو گی اور اس کے لئے علیحدہ اشتہار نہیں دیا جائے گا۔ بولی کی آفر سالانہ بنیاد پر ہو گی جس کا زر ضمانت 1/4 بھی سالانہ کی بنیاد پر ہو گی۔

**تفصیلات اور شرائط حسب ذیل ہیں۔**

**1۔ داخلہ فیس 50 روپے 2۔ خریداری و فروختگی فیس بحساب طے شدہ قیمت کا پانچ فیصد**

**شرائط نیلامی**

1۔ نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات / فرم / کمپنی بولی شروع ہونے سے قبل زر بیعانہ مبلغ -/Rs.50,00,000 روپے بصورت بینک ڈرافٹ / پے آرڈر بنام کینٹ ایگزیکٹو آفیسر ٹیکسلا چھاؤنی بمعہ کاپی شناختی کارڈ جمع کروا کر بولی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے جو کہ ناکام بولی دہندگان کو واپس کر دیئے جائیں گے۔

2۔ بولی دہندہ کو مبلغ 200,000 روپے (ناقابل واپسی) بشکل کال ڈیپازٹ / بینک ڈرافٹ بنام کینٹ ایگزیکٹو آفیسر ٹیکسلا کینٹ جمع کروانا ہوں گے۔

3 کامیاب بولی دہندہ نیلامی کے اختتام پر کل بولی کی رقم کا 1/4 حصہ بطور زر ضمانت دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگا بصورت دیگر جمع شدہ زر بیعانہ بحق کینٹ بورڈ ضبط تصور ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کل بولی کی رقم کا انکم ٹیکس مروجہ قوانین کے مطابق ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ ہر ماہ کی بیس تاریخ تک ماہانہ قسط جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ ماہانہ قسط جمع نہ کرانے کی صورت میں مبلغ Rs.10,000 روپے روزانہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا اور ایک ماہ کی قسط جمع نہ کرانے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور زر ضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا ضبط ہو جائے گا۔

6۔ منڈی مویشیاں بروز جمعہ منعقد ہوا کرے گی البتہ عید الاضحیٰ کے موقع پر ٹھیکیدار ایک تا بارہ ذوالحج تک منڈی لگانے کے حقدار ہوں گے۔

7۔ جانوروں کی خرید و فروخت صرف منڈی میں ہو گی اور اس کے علاوہ کسی شخص یا ادارے کو چھاؤنی حدود میں کسی اور مقام پر جانوروں کی خرید و فروخت کی اجازت نہ ہو گی نیز ٹھیکیدار منڈی مویشیاں بھی منڈی کے علاوہ کسی اور جگہ سے وصولی کا مجاز نہ ہوگا۔

8۔ منڈی میں موجود کنٹونمنٹ بورڈ کی فراہم کردہ سہولیات ٹھیکیدار کے چارج پر ہوں گی۔

9۔ منڈی کی صفائی ستھرائی کی مد میں ٹھیکیدار کینٹ بورڈ کے (Conservancy Charges) بورڈ سے منظور شدہ ریٹس کے حساب سے دینے کا پابند ہوگا۔

10۔ منڈی کے دن لگائے جانے والے سٹالز، خوانچے، چائے اور کھانے کے سٹالز اور کھوکھوں سے آمدنی کا اختیار ٹھیکیدار کو ہوگا۔ تاہم وہ کنٹونمنٹ بورڈ سے ایسے تمام سٹالز کی منظوری لے گا۔

11۔ کوئی ایسا ٹھیکیدار یا بولی دہندہ یا کمپنی جو کنٹونمنٹ بورڈ کا ڈیفالٹر ہو بولی دینے کا اہل نہ ہوگا اگر ایسا شخص یا ادارہ حقائق چھپا کر کامیاب بھی ہو جائے تو اسکی سیکورٹی ضبط کر کے منڈی دوبارہ نیلام کر دی جائے گی۔

12۔ زیر دستخطی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ PPRA Rule-33 کے تحت کوئی بھی بولی وجہ بتا کر مسترد کر دے۔

13۔ کامیاب بولی دہندہ اور کینٹونمنٹ بورڈ کے درمیان تنازعہ کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کینٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی کو مصالحت کے لئے بھیجا جائیگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

14۔ دیگر شرائط و ضوابط یا معلومات کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کار کے دوران ملاحظہ کی جاسکتی ہیں یہ نوٹس PPRA کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

ٹیکسلا چھاؤنی